# بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

کراچی بائی پاس (نیشنل ہائی وے) بہاولپور

فون نمبر 0301-6672323 0345-8880202


ریفرنس نمبر: بی سی سی آئی/بی ڈبلیو پی/400)08-2023)

مورخہ 05 اگست 2023

## کاروائی ایگزیکٹو کمیٹی اجلاس بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری منعقدہ مورخہ 05 اگست 2023ء

بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کا ایک اجلاس 05 اگست 2023ء بروز ہفتہ بوقت 11:30 بجے دن زیر صدارت صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان منعقد ہوا۔جس میں درج ذیل اراکین شریک ہوئے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1- جناب چوہدری ذوالفقار علی مان | (صدر) | آئیڈیل پاکستان انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ، یزمان |
| 2- جناب حنیف احمد | (سینئر نائب صدر) | السعید گارمنٹس اینڈ شوز، بہاولپور |
| 3- جناب عدیل خالد | (نائب صدر) | دوآبہ آئل انڈسٹریز، بہاولپور |
| 4- جناب آصف عباس | (ممبر) | شیخ پروٹینز پرائیویٹ لمیٹڈ، لودھراں |
| 5- جناب عدنان احمد | (ممبر) | فائیو سٹار سی این جی فلنگ اسٹیشن، بہاولپور |
| 6- جناب محمد سہیل صدیق | (ممبر) | سہیل وقاص پرائیویٹ لمیٹڈ، لودھراں |
| 7- جناب شہزاد احمد | (ممبر) | غوث الاعظم فلور ملز، لودھراں |
| 8- جناب ظفر اقبال | (ممبر) | چوہدری موٹرز اینڈ پراپرٹی ایڈوائیزر، بہاولپور |
| 9- جناب محمد عارف | (ممبر) | جنید کاٹن جننگ پریسنگ اینڈ آئل ملز، احمد پور شرقیہ |
| 10- جناب مرید احمد نعیم | (ممبر) | مرید اینڈ کو، احمد پور شرقیہ |
| 11- جناب عباس علی | (ممبر) | ہما سلک سنٹر، بہاولپور |
| 12- جناب محمد ارشد نذر رحمانی | (ممبر) | رحمانیہ ایسوسی ایٹس بہاولپور |

تلاوت کلام پاک سے میٹنگ کا آغاز ہوا۔صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان نے میٹنگ میں آنے والے تمام ایگزیکٹو اراکین کو میٹنگ میں شرکت کرنے پر خوش آمدید کہا۔اس کے بعد ایجنڈے کے درج ذیل امور زیر غور لائے گئے۔

**ایجنڈا نمبر 1:- سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 13 جولائی 2023ء کی کاروائی کی توثیق۔**

میٹنگ میں گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس منعقدہ مورخہ 13 جولائی 2023ء کی کاروائی برائے توثیق پیش کی گئی، جسے ہاوس نے بعد غور وخوض منظور کرلیا اور اتفاق رائے سے اسکی توثیق کرتے ہوئے درج ذیل قرارداد منظور کرلی۔

قرارداد 17/2022-23

"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 13 جولائی 2023ء کی کاروائی سے مکمل اتفاق کرتا ہے اور باتفاق رائے اس کی توثیق کرتا ہے"

ایجنڈا نمبر2:- گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر میں آنے والی نئی ممبرشپ کی منظوری۔

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس کے سامنے گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 13 جولائی 2023 سے لیکر موجودہ میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں ہونے والی نئی ممبرشپ کی فہرست پیش کی۔ جس کے مطابق 8 ممبرشپ برائے کارپوریٹ کلاس اور 56 ممبرشپ برائے ایسوسی ایٹ کلاس رجسٹر ہوئی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

کارپوریٹ کلاس: 1۔میمن کاٹن جنز اینڈ آئل ملز، احمد پور شرقیہ 2۔آئی میکس سلیوشن ایس ایم سی پرائیویٹ لمیٹڈ، احمد پور شرقیہ 3۔رحمٰن رضوان پرائیویٹ لمیٹڈ، ہارون آباد 4۔نیو فرینڈز کاٹن جنز، یزمان 5۔لیڈنگ رئیل اسٹیٹ اینڈ بلڈرز ایس ایم سی پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 6۔پیلی کین انٹرپرائزز پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 7۔بن جمال پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولنگر 8۔مارونڈی ایمپکس ایس ایم سی پرائیویٹ لمیٹڈ، یزمان

ایسوسی ایٹ کلاس: 1۔محمد طاہر گولڈسمتھ، دنیاپور 2۔الخیر ٹریڈرز، دنیاپور 3۔خان اور گینک فارم، کہروڑپکا 4۔نورانی ڈیری فارم، یزمان 5۔نورانی اسٹیل ٹریڈرز، بہاولپور 6۔افضل موبائل، دنیاپور 7۔آئی جی گرافکس، بہاولپور 8۔یونی میٹس ایسوسی ایٹس، بہاولپور 9۔اسلام ایگری پروڈیوس کمیشن ایجنٹ، چشتیاں 10۔رحمان ایگری پروڈیوس کمیشن ایجنٹ، چشتیاں 11۔یونائیٹڈ پراپرٹی ڈیلر اینڈ ایڈوائیزر، چشتیاں 12۔واحد بوتیک، بہاولپور 13۔جانی موٹرورک شاپ، چشتیاں 14۔محمد شاہد اینڈ کو، احمد پور شرقیہ 15۔ارسلان انٹرپرائزز، احمد پور شرقیہ 16۔عمر ٹریڈرز، احمد پور شرقیہ 17۔ایمان انٹرپرائزز، احمد پور شرقیہ 18۔احمد کمیشن ایجنٹ، بہاولپور 19۔جی ایم فوڈز بہاولپور، بہاولپور 20۔مسٹر آئل چینج، بہاولپور 21۔اقصیٰ ٹریڈرز، بہاولپور 22۔میاں زرعی سروسز، بہاولپور 23۔ظہیر ٹریڈرز، بہاولپور 24۔عالمگیر ٹریڈنگز، چشتیاں 25۔نعیم کیٹل فارمز، بہاولپور 26۔مغل اینڈ فیصل آباد زرعی مشینری شوروم اینڈ زرعی ہارڈویئر سٹور، لودھراں 27۔پاکیزہ ٹریڈرز اینڈ ایکسپورٹرز، لودھراں 28۔دی ویری ایتھنکس جنرل آرڈر سپلائیر، بہاولپور 29۔ولی بلڈرز اینڈ رئیل اسٹیٹ، بہاولپور 30۔رائل ٹریڈنگ ہب، چشتیاں 31۔عمر برادرز شوز، بہاولپور 32۔آری پینٹ سٹور، بہاولپور 33۔جیوڈیفنس اسٹیٹ، بہاولپور 34۔طاہر آٹو شوروم، بہاولنگر 35۔البراق ٹریڈرز، چشتیاں 36۔ہاشمی ٹریڈرز، بہاولپور 37۔شیخ آٹو سٹور، احمد پور شرقیہ 38۔چوہدری ڈیری اینڈ ایگری کلچرل فارم، یزمان 39۔بسم اللہ سجاد پٹرولیم سروس، حاصل پور 40۔عمر پٹرولیم سروس، بہاولپور 41۔شاہ زیل اینڈ کوا کاؤنٹنگ اینڈ ٹیکس سروسز، بہاولپور 42۔اویس شاہ اینڈ کمپنی، بہاولپور 43۔نورالہدیٰ کمیشن ایجنٹ، بہاولپور 44۔نیو ملک سیڈز اینڈ سپرے سنٹر، حاصل پور 45۔خان ٹریڈرز، حاصل پور 46۔الیاس پلاسٹک سٹور، بہاولپور 47۔نورانی ٹریڈرز، یزمان 48۔اسٹیوٹ کنسٹرکشن کمپنی، بہاولپور 49۔وسیم ٹائر شاپ، ہارون آباد 50۔یوایم زیڈ ٹریڈرز، بہاولپور 51۔پیر ہارلاء چیمبر، بہاولپور 52۔ساجد اینڈ برادرز، دھنوٹ 53۔ابوبکر اسلم لاء ایسوسی ایٹس، بہاولپور 54۔اویس کامران ٹریڈرز، ڈاہرانوالہ 55۔سید ٹیلی کیمونیکیشن، بہاولنگر 56۔الفرقان، احمد پور شرقیہ

ہاؤس نے آنے والی درج بالا نئی ممبرشپ پر غوروخوض کرتے ہوئے ان کی باقاعدہ طور پر منظوری دیتے ہوئے درج ذیل قرارداد کی توثیق کردی۔

قرارداد 18/2022-23

"ہرگاہ ہاؤس گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 13 جولائی 2023 سے لیکر آج کی میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں آنے والی تمام نئی ممبرشپ جس میں 8 کارپوریٹ اور 56 ایسوسی ایٹ کلاس کے اراکین شامل ہیں، کی بہاولپور چیمبر کی ممبرشپ حاصل کرنے کی باقاعدہ طور پر منظوری دیتا ہے۔"

CamScanner

**ایجنڈا نمبر 3:-** **گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر کی سرگرمیوں پر بریفنگ۔**

صدر چیمبر کی ہدایت پر سیکرٹری جنرل چیمبر نے ملٹی میڈیا کے ذریعے گذشتہ میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک (چیمبر اور چیمبر سے باہر) ہونے والے تمام پروگرامز، میٹنگز وغیرہ جن میں چیمبر کے اعلیٰ عہدیداران، اراکین ایگزیکٹو اور دیگر اراکین شریک ہوئے، پر بریفنگ دی جسے جاننے کے بعد ہاؤس نے اظہار تحسین کیا۔

**ایجنڈا نمبر 4:-** **ماہ جولائی 2023 کے دوران چیمبر میں ہونے والے اخراجات کی منظوری۔**

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس میں ماہ جولائی 2023 کے اخراجات پر مبنی گوشوارہ برائے منظوری پیش کیا۔ سیکرٹری جنرل نے اخراجات پر مبنی گوشوارہ پیش کرنے سے پہلے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ چیمبر کی فنانس کمیٹی اپنی میٹنگ منعقدہ مورخہ 03 اگست 2023 میں ان تمام اخراجات بمع بلز اور ووچرز ریویو کر چکی ہے۔ سیکرٹری جنرل نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ماہ جولائی 2023 کے دوران چیمبر میں ہونیوالے اخراجات پر مبنی گوشوارہ برائے غور و خوض و منظوری ایگزیکٹو اراکین کی فائلوں میں موجود ہیں جس کے مطابق ماہ جولائی میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ -/7,76,781 روپے ہیں۔ ہاؤس نے ان اخراجات پر مبنی گوشوارہ پر غور و خوض کرتے ہوئے ان اخراجات کو منظور کر لیا اور باتفاق رائے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

**قرارداد 19/2022-23**

**"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر ماہ جولائی میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ -/7,76,781 روپے کی باتفاق رائے منظوری دیتا ہے اور ان اخراجات کی توثیق کرتا ہے۔"**

**ایجنڈا نمبر 5:-** **صاحب صدر کی پیشگی اجازت سے زیر غور لائے جانے والے امور۔**

صاحب صدر نے بہاولپور چیمبر کے الیکشن برائے سال 24-2023 پر بات کرتے ہوئے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ٹریڈ آرگنائزیشنز (DGTO) اسلام آباد کی جانب سے تمام چیمبرز آف کامرس بشمول بہاولپور چیمبر کو 7 جولائی 2023 کو لکھے گئے ایک لیٹر کے مطابق DGTO رولز/ایکٹ 2013 کے تحت اپنے اپنے الیکشن شیڈول جاری کرنے کے احکامات دیئے گئے جس کے مطابق بہاولپور چیمبر نے اپنا الیکشن شیڈول برائے سال 24-2023 چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 13 جولائی 2023 کو پاس کیا جو کہ چیمبر کی ویب سائٹ اور نوٹس بورڈ پر آویزاں کیا اور DGTO کو بھی ارسال کر دیا ہے۔ تاہم اسی روز ایک خبر موصول ہوئی کہ اسلام آباد ہائی کورٹ نے پاکستان بھر کے تمام چیمبرز آف کامرس اور ٹریڈ ایسوسی ایشنز کے حالیہ الیکشن پر حکم امتناعی جاری کرتے ہوئے DGTO کے لیٹر کو Suspend کر دیا ہے اور تاحال ہمیں DGTO کی جانب سے الیکشن 24-2023 کے شیڈول کے تحت الیکشن کے انعقاد سے متعلق کوئی واضع احکامات موصول نہ ہوئے ہیں۔ صدر چیمبر نے یہ بھی بتایا کہ اس حکم امتناعی کے حاصل کرنے میں رحیم یار خان چیمبر اور گجرانوالہ چیمبر کے عہدیداران متحرک تھے۔ صدر چیمبر نے ہاؤس کو یہ بھی آگاہ کیا گیا کہ جب تک اسلام آباد ہائی کورٹ کی جانب سے کوئی حتمی فیصلہ سامنے نہیں آتا فی الحال تمام چیمبرز آف کامرس کے ہونے والے حالیہ انتخابات ملتوی سمجھے جائیں گے۔ تاہم صدر چیمبر نے کہا کہ بہاولپور چیمبر کے الیکشن شیڈول 24-2023 پر مکمل عمل درآمد DG کی جانب سے اسلام آباد ہائی کورٹ کے حکم امتناع ختم ہونے کے بعد جو بھی احکامات چیمبرز کو موصول ہونگے اسی روشنی میں آگے کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

چونکہ مزید کوئی نکتہ زیر غور نہ تھا لہٰذا صدر چیمبر نے میٹنگ کے اختتام کا اعلان کیا۔ جس کے بعد اراکین ایگزیکٹو کی چائے سے تواضع کی گئی۔

| | |
|---|---|
| (صدر) | (سیکرٹری جنرل) |
| بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری | بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری |

CamScanner